13 جولائی 2015ء

کارکنوں کی ترسیلات مالی سال 15ء کے دوران 16.5 فیصد نمو کے ساتھ 18.4 ارب ڈالر ہو گئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال 15ء (جولائی تا جون) کے دوران 18454.04 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جس سے م س 14ء کے اسی عرصے میں بھجوائی گئی رقم 15837.68 ملین ڈالر کے مقابلے میں 16.5 فیصد کی متاثر کن نمو ظاہر ہوتی ہے۔

جون 2015ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات 1821.28 ملین ڈالر رہیں جو مئی 2015ء کے مقابلے میں 9.51 فیصد زائد ہیں اور جون 2014ء کے مقابلے میں 21.5 فیصد بلند ہیں۔ بلحاظ ملک جون 2015ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 536.68 ملین ڈالر، 423.24 ملین ڈالر، 258.94 ملین ڈالر، 247.96 ملین ڈالر، 209.66 ملین ڈالر، اور 34.27 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ جون 2014ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 471.88 ملین ڈالر، 295.63 ملین ڈالر، 222.34 ملین ڈالر، 200.82 ملین ڈالر، 168.62 ملین ڈالر، اور 37.43 ملین ڈالر تھیں۔ جون 2015ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 110.53 ملین ڈالر رہیں جبکہ جون 2014ء میں ان ملکوں سے موصولہ رقم 102.58 ملین ڈالر تھی۔

☆☆☆